يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ

جس دن جانچ پڑتال ہوگی سب چھپی باتوں کی تو نہ ہوگا انسان کے پاس کوئی زور اور نہ مددگار۔

الْبُرُوج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

---

1. قسم ہے آسمان کی جس میں بُرج ہیں،
2. اور اس دِن (قیامت) کی جسکا وعدہ ہے،
3. اور حاضر ہونے (دیکھنے) والے کی، اور جس پر حاضر ہوئیں (دیکھی جانے والی چیز کی)۔
4. مارے جائیو (ہلاک کر دیئے) کھائیاں کھودنے والے؟
5. آگ بھری ایندھن سے۔
6. جب (کہ) وہ اس پر (اس کے گرد) بیٹھے،
7. اور جو کچھ وہ کرتے مسلمانوں سے، سامنے دیکھتے،
8. اور ان سے بدلہ نہ لیتے تھے، مگر اسی کا کہ یقین لائے اللہ پر، جو زبردست ہے خوبیوں سراہا،
9. جس کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز۔

10. جو دین سے بھٹکانے لگے ایمان والے مردوں کو اور عورتوں کو، پھر توبہ نہ کی تو انکو عذاب ہے دوزخ کا،
    اور انکو عذاب ہے آگ لگی کا۔
11. جو لوگ یقین لائے اور کیں بھلائیاں، انکو باغ ہیں جنکے نیچے بہتی نہریں۔
    یہ ہے بڑی مراد ملنی۔

---

12. بیشک تیرے رب کی پکڑ سخت ہے۔
13. بیشک وہی کرے (پیدا) پہلی مرتبہ اور دوسری،
14. اور وہی ہے بخشتا، محبت کرتا۔
15. مالک تخت کا بڑی شان والا۔
16. کر ڈالتا جو چاہے۔

17. کچھ پہنچی تجھ کو بات ان لشکروں کی؟
18. فرعون اور ثمود کی۔
19. کوئی نہیں! بلکہ منکر جھٹلاتے ہیں،
20. اور اللہ نے ان کے گرد (ہر طرف) سے گھیرا ہے۔
21. کوئی نہیں! یہ قرآن ہے بڑی شان والا،
22. لکھا تختی میں جس کی نگہبانی ہے۔

---

* * *

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com